© rasailojaraid.com



**جواب:** بعض حضرات نے لکھا ہے کہ حضرت معاویہؓ فتح مکہ کے بعد اسلام لانے والوں میں سے ہیں لیکن "الاصابہ فی تمییز الصحابہ" ص ۴۳۳/۳ میں موجود ہے کہ حضرت معاویہؓ صلح حدیبیہ کے بعد ہی مسلمان ہوگئے تھے، مگر انہوں نے اپنے قبول اسلام کو مخفی رکھا تھا اور فتح مکہ کے موقع پر اس کا اظہار کیا اس لیے ان کا شمار اس لحاظ سے "طلقا" میں نہیں ہوتا۔

## معلوماتی فلم دیکھنا کیسا ہے

**سوال:** کیا ایسی فلم دیکھنا جس میں بے حیائی نہ ہو اور وہ معلومات اور تعلیم کے لیے بنائی گئی ہو جائز ہے؟ بشیر احمد لاہور

**جواب:** مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلویؒ نے اسی نوعیت کے ایک سوال کا جواب یوں تحریر فرمایا ہے کہ:

"سینما اگر اخلاق سوز اور بے حیائی کے مناظر سے خالی ہو اور اس کے ساتھ گانا باجا اور ناجائز امر نہ ہو تو فی حد ذاتہ مباح ہوگا لیکن ہمارے علم میں کوئی فلم کسی نہ کسی ناجائز امر سے خالی نہیں ہوتی"۔ (کفایت المفتی ص ۱۸۸/۹)

## لاہوری قادیانی کون ہیں؟

**سوال:** قادیانیوں کے ایک گروہ کو لاہوری کہا جاتا ہے یہ کون لوگ ہیں اور دوسرے قادیانیوں کے ساتھ ان کا اختلاف کیا ہے؟ محمد شریف فاروق، راولپنڈی

**جواب:** نبوت کے جھوٹے دعویدار مرزا غلام احمد قادیانی کی وفات کے بعد حکیم نورالدین کو اس کا جانشین چنا گیا اور اس کے زمانے میں تمام قادیانی جماعت اکٹھی رہی ان میں کسی قسم کا کوئی اختلاف نہ تھا اور وہ مرزا قادیانی کے تمام دعوؤں کو مانتے تھے لیکن حکیم نورالدین کی موت کے بعد اس کی جانشینی کے مسئلہ پر جھگڑا کھڑا ہوگیا، قادیان کی جماعت نے مرزا قادیانی کے فرزند مرزا بشیر الدین محمود کو اپنا سربراہ بنالیا لیکن مولوی محمد علی کی قیادت میں ایک گروہ نے اسے تسلیم کرنے سے انکار کردیا اور اپنا ہیڈ کوارٹر لاہور کو قرار دے کر قادیانیوں کے ایک الگ گروہ کی بنیاد رکھ دی جسے لاہوری کہا جاتا ہے دوسرے قادیانیوں سے اپنے آپ کو الگ کرنے کے لیے انہوں نے یہ کہنا شروع کردیا کہ مرزا قادیانی نے

© rasailojaraid.com